© rasailojaraid.com



60

# آپ کا نیٹ ورک، ایک اہم اثاثہ

تعلقاتِ کار کا دائرہ، ہر انسان کی ایک پہچان ہوتا ہے۔ بعض اوقات افراد کی افادیت و اہمیت کا اندازہ ان کے دائرہ تعلقات میں شامل افراد سے کیا جاتا ہے۔ یہ ایک پیچ در پیچ عمل ہے جو اثر و نفوذ تک رسائی فراہم کرتا ہے، مقاصد کے حصول میں مدد دیتا ہے، وسائل فراہم کرتا ہے۔ سب سے بڑھ کر بروقت معلومات، ناگزیر صورتوں میں مشکل کشائی، اور وساطت و معیت میں اضافے کا باعث بنتا ہے۔

اجتماعی مہمات اور منصوبوں کی کامیابی کا بڑا انحصار نیٹ ورک کی وسعت، مناسبت اور سازگاری پر ہوتا ہے۔ قیادت کی کامیابی بھی اس کے نیٹ ورک کے سبب ہوتی ہے۔ تعلقات کے دائرہ کار کو مسلسل وسعت دینا اور اپنے مقاصد سے ہم آہنگ کرنا ایک آرٹ ہے۔ اس آرٹ کو درج ذیل تدابیر سے پروان چڑھایا جاسکتا ہے:

۱- نیٹ ورک میں یکسانیت کے ساتھ اختلاف کو بھی مقام دیا جائے۔ مختلف النوع افراد سے، مختلف سطحوں پر، مختلف کاموں کے لیے رابطے کی ضرورت ہوتی ہے۔

۲- خصوصی طور پر منعقد ہونے والے اجتماعی پروگراموں میں شرکت کی جائے۔ نمایاں ہونا نیٹ ورک کو قائم کرنے میں مدد دیتا ہے۔

۳- نیٹ ورک کے مقصد وجود میں اہم کردار ادا کیا جائے تو مرکزیت مل سکتی ہے۔

۴- نیٹ ورک میں مشغولیت کو حقائق و واقعات جاننے کے لیے استعمال کیا جائے۔

۵- پورے نیٹ ورک پر اثر ڈالنے کے لیے مؤثر اصحاب کو ہدف بنایا جائے۔ ان کے افکار و نظریات میں تبدیلی نیٹ ورک کو متاثر کرتی ہے۔

۶- نیٹ ورک میں نئی بات تیزی سے پھیلتی ہے۔ اس کے اچھے اور بُرے دونوں پہلو سامنے رکھے جائیں۔

۷- تعلقات میں توازن رکھا جائے۔ سرکاری و غیر سرکاری، اجتماعی و انفرادی معاملات میں توازن پیدا کیا جائے۔

۸- نیٹ ورک میں شمولیت و قبولیت کم سے کم پر اتفاق سے ہوتی ہے۔ لہٰذا پہلے قبولیت پیدا کی جائے پھر اثرات بڑھائے جائیں۔

۹- نیٹ ورک کے اندر گروپ قائم ہوتے ہیں۔ ان تمام گروپوں کی مشترکہ دل چسپی کی بنیاد پر ان سے رابطے کا موقع حاصل کیا جائے۔

۱۰- نیٹ ورک میں مشغولیت کی قیمت پر جو فوائد حاصل ہو رہے ہیں، ان کا جائزہ لیا جائے۔

© rasailojaraid.com

سنابل العلم